Maulana Azad National Urdu University
B.A V Semester Examination - January- 2021
Paper : BAIS501DST- Islam in India
پرچہ:اسلام ہندوستان میں

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i۔ ہندوستان میں مغلیہ حکومت کا بانی کون ہے؟

(a) ظہیر الدین محمد بابر (b) جلال الدین محمد اکبر (c) اورنگ زیب عالمگیر (d) جہانگیر

ii- ہندوستان میں لودھی خاندان کی حکومت کا بانی کون ہے؟

(a) ابراہیم لودھی (b) سکندر لودھی (c) بہلول لودھی (d) ہمایوں

iii ۔ ریشمی رومال تحریک کے قائد کون تھے؟

(a) مولانا حسرت موہانی (b) مولانا محمود حسن (c) مولانا محمد علی جوہر (d) مولانا مظہر الحق

iv۔ سید احمد شہید کا تعلق کس تحریک سے ہے؟

(a) فرائضی تحریک (b) خلافت تحریک (c) تحریک مجاہدین (d) تحریک ریشمی رومال

v۔ تاریخ فیروز شاہی کس کی تصنیف ہے؟

(a) ضیاءالدین برنی (b) منہاج سراج (c) ابوالفضل (d) ان میں سے کوئی نہیں

vi۔ دہلی سلطنت کا بانی کون ہے؟

(a) غیاث الدین بلبن (b) قطب الدین ایبک (c) علاءالدین خلجی (d) ان میں سے کوئی نہیں

vii۔ ہندوسان میں مغلیہ حکومت کس سن عیسوی میں قائم ہوئی؟

(a) 1501 (b) 1545 (c) 1526 (d) 1600

viii۔ پانی پت کی پہلی جنگ کن کے درمیان ہوئی؟

(a) شیر شاہ سوری۔ہمایوں (b) محمد تغلق۔تیمور (c) ابراہیم لودھی۔بابر (d) سکندر لودھی۔ہمایوں

ix۔ مولانا عبیداللہ سندھی کا تعلق کس تحریک سے ہے؟

(a) موپلا تحریک (b) فرائضی تحریک (C) ریشمی رومال تحریک (d) ان میں سے کوئی نہیں

x۔ حسن نظامی نیشا پوری نے کون سی کتاب لکھی؟

(a) تاج المآثر (b) تاریخ فیروز شاہی (C) فتاوی جہانداری (d) طبقات ناصری

حصہ دوم

2۔ شمالی ہند میں مسلمانوں کی آمد سے متعلق اپنی معلومات تحریر کیجیے۔

3۔ سندھ کی فتح پر ایک جامع نوٹ قلمبند کیجیے۔

4۔ دہلی سلطنت کے قیام میں قطب الدین ایبک کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

5۔ دہلی سلطنت کے عہد کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

6۔ عہد مغلیہ کے مذہبی حالات پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

7۔ ہندوستان میں مغلیہ حکومت کے قیام پر گفتگو کیجیے۔

8۔ مغلیہ حکومت کے نظم ونسق پر تبصرہ کیجیے

9۔ آزادی ہند میں ریشمی رومال تحریک کے کردار سے بحث کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ عرب وہند تعلقات پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔

11۔ دہلی سلطنت میں غیاث الدین بلبن کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

12۔ مغلیہ حکومت کے استحکام میں جلال الدین محمد اکبر کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

13۔ دہلی سلطنت کے نظم ونسق پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

14۔ جنگ آزادی میں مسلمانوں کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

☆☆☆